# نُورِ اِسلام

## اسلامیات

برائے جماعت دوم

**رہنمائے اساتذہ**



Laurel Publishers
Registered with PCTB & AJKTBB

Laurel Publishers

# پیش لفظ

لارل پبلشرز نے یکساں قومی نصاب 2020ء کے اساسی خدوخال، بنیادی مقاصد اور معاشرتی و عصری دینی ضروریات کو مد نظر رکھتے ہوئے سر دست جماعت اول تا پنجم کے لیے "نور اسلام" کے عنوان سے اسلامیات کی نصابی کتب کی ایک منفرد سیسریز متعارف کرائی ہے۔ یہ سیریز دینی نقطہ نظر سے جملہ عصری معاشرتی ضروریات اور حزم و احتیاط کے عمومی و خصوصی پہلوؤں کو مد نظر رکھ کر تحریر کی گئی ہے۔ کتب کا یہ سلسلہ اپنے اندر ایک طرح کا نصاب امن ہے جو تمام مکاتب فکر کے لیے یکساں طور پر قابل قبول ہو گا۔ اس کو تحریر کرتے ہوئے تمام مسلمات اور جملہ مکاتب فکر کے مقدسات کا پورا لحاظ رکھا گیا ہے۔


| | |
|---|---|
| مصنفین: | ڈاکٹر علی وقار قادری |
| | راضیہ شاہین |
| تیار کنندہ: | محمد طلحہ علوی |
| ڈیزائنر: | جہاں زیب |
| ناشر: | لارل پبلشرز |



## جملہ حقوق بحق لارل پبلشرز محفوظ ہیں

اس کتاب کا کوئی حصہ نقل یا ترجمہ نہیں کیا جا سکتا اور نہ ہی اسے ٹیسٹ پیپر، گائیڈ بکس، خلاصہ جات، نوٹس یا امدادی کتب کی تیاری میں استعمال کیا جا سکتا ہے۔

Laurel Publishers

# تدریس اسلامیات کے مقاصد (برائے جماعت اول تا پنجم)

یکساں نصاب اسلامیات کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

۱۔ اس بات پر پختہ ایمان اور یقین کریں کہ اللہ تعالی ایک ہے۔ صرف وہی خالق، مالک، رازق اور حاکم ہے۔ اس کا کوئی شریک نہیں۔ اور یہ کہ حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ و سلم اللہ کے آخری نبی اور رسول ہیں۔

۲۔ تمام نبیوں اور رسولوں پر ایمان لا سکیں اور عقیدہ ختم نبوت پر پختہ یقین رکھیں نیز ان پر نازل کردہ آسمانی کتب پر ایمان لائیں اور قران مجید کو آخری الہامی کتاب مانیں اور اللہ تعالی کے مقرب فرشتوں پر پورے یقین اور صدق دل سے ایمان لا سکیں۔

۳۔ اس بات پر ایمان لائیں کہ یہ دنیا فانی ہے، قیامت ضرور آئے گی اس یقین کے ساتھ آخرت کی بہترین تیاری کر سکیں

۴۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ و سلم سے محبت رکھیں اور آپ صلی اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ و سلم کی سیرت اور اسوہ حسنہ سے آگاہ ہوں۔ سچے دل سے سیرت اور اسوہ حسنہ کی اتباع کریں اور معاشرے میں اسلامی اقدار و تعلیمات کے احیاء کا فریضہ سر انجام دیں۔

۵۔ قرآن مجید کی تلاوت کی اہمیت اور اس کے آداب سے واقف ہوں۔ قرآن مجید کی تجوید، رموز و اوقاف، درست تلفظ اور روانی کے ساتھ تلاوت کر سکیں۔ اور اس کا مفہوم سمجھیں۔ ذوق و شوق اور خشیت و اخلاص کے ساتھ قرآنی تعلیمات کی پیروی کر سکیں۔

۶۔ عبادات کی اصل روح اور ان کی اہمیت کو سمجھ سکیں اور خشوع و خضوع سے ان کی ادائیگی کر سکیں۔

۷۔ معاشرتی زندگی میں آداب معاشرت، حسن اخلاق و معاملات اور حقوق و فرائض سے متعلق اسلامی تعلیمات کی اہمیت سے واقف ہوں، اور ان کے فوائد و برکات سے آگاہ ہوتے ہوئے اپنی زندگی ان کے مطابق ڈھال سکیں۔

۸۔ اپنے وطن سے محبت، قومی یکجہتی و سلامتی، نظریاتی سرحدوں کی حفاظت اور دفاع وطن کے لیے جدوجہد کر سکیں۔

۹۔ روزمرہ زندگی میں اخلاق حسنہ، مثلاً خدمت خلق، اخوت و مساوات، تحمل و بردباری، نظم و ضبط، سچائی، حیا، ایفائے عہد، عفو و درگزر کو اپنا سکیں اور اخلاق رذیلہ مثلاً فضول خرچی، غرور، تکبر، نمود و نمائش اور ریاکاری وغیرہ کی تمام صورتوں سے اجتناب کر سکیں۔

۱۰۔ لسانی، علاقائی، صوبائی، مذہبی، مسلکی، گروہی تعصب اور فرقہ وارانہ سوچ سے بالاتر ہو کر ملی اتحاد قائم کر سکیں۔

۱۱۔ رواداری، برداشت اور صبر و تحمل کے جذبے سے سرشار ہو کر قومی یکجہتی قائم کریں اور دیگر مذاہب کے پیروکاروں کا لحاظ کر سکیں نیز دوسرے مذاہب کے پیروں کاروں کے حقوق کا بھی خیال رکھ سکیں۔

۱۲۔ انبیاء کرام علیہم السلام، اہل بیت اطہار، ازواج مطہرات، صحابۂ کرام رضی اللہ تعالی عنہم اجمعین، مشاہیر اسلام اور صوفیائے کرام کی دینی خدمات اور کردار سے آگاہ ہو سکیں۔ اور اپنی زندگی کو ان کے مطابق ڈھال سکیں۔

۱۳۔ اس بات پر پختہ یقین کریں کہ اسلام ایک عالمگیر دین ہے۔ اور زندگی کے ہر شعبے کے لیے مکمل ضابطہ حیات ہے۔ یہ قیامت تک تمام بنی نوع انسان کے لیے رہنمائی ہے۔ اس لیے دینی تعلیمات کو سمجھتے ہوئے انہیں عملی طور پر اپنا سکیں۔

۱۴۔ قرآن و سنت کی تعلیمات کی روشنی میں قدرتی اور فطری ماحول کے تحفظ اور فوائد کو سمجھتے ہوئے صفائی، شجرکاری اور پانی مہم جیسی سرگرمیوں میں پرجوش حصہ لے سکیں۔

Laurel Publishers

# فہرست


| سبق نمبر | سبق | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 1 | **قرآن مجید** | **4** |
| | جزو (الف) قرآن کے رموز اوقاف | 4 |
| | جزو (ب) ناظرۂ قرآن | 4 |
| | جزو (ج) تعوذ اور تسمیہ | 5 |
| | جزو (د) حفظِ قرآنِ مجید | 6 |
| 2 | **احادیثِ نبوی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّم** | **7** |
| | جزو (الف) درود شریف | 7 |
| | جزو (ب) احادیثِ نبوی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّم | 8 |
| | جزو (ج) اسلامی آداب | 8 |
| | جزو (د) پیارے نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّم کی پیاری دعائیں | 8 |
| 3 | **سیرت النبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّم** | **9** |
| | جزو (الف) پیارے نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّم کی محبت و اطاعت | 9 |
| | جزو (ب) رسولِ رحمت صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّم | 11 |
| | جزو (ج) پیارے نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّم کا ایفائے عہد اور عفو و درگزر | 12 |
| | جزو (د) پیارے نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّم کے اہلِ بیت | 13 |
| 4 | **ایمانیات** | **15** |
| | جزو (الف) آسمانی کتابیں | 15 |
| | جزو (ب) فرشتے | 16 |
| | جزو (ج) یومِ آخرت | 16 |
| 5 | **روزہ** | **18** |
| | جزو (الف) آسمانی کتابیں | 18 |
| 6 | **آدابِ زندگی** | **20** |
| | جزو (الف) بڑوں کا ادب | 20 |
| | جزو (ب) گفتگو کے آداب | 21 |
| | جزو (ج) کھانے پینے کے آداب | 21 |
| 7 | **جانوروں سے اچھا سلوک** | **23** |
| 8 | **اسلامی تہوار** | **24** |
| | جزو (الف) عید الفطر | 24 |
| | جزو (ب) عید الاضحیٰ | 25 |
| | جزو (ج) عید میلاد النبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّم | 26 |
| 9 | **انبیائے کرام علیہم السلام** | **27** |


Laurel Publishers

# قرآنِ مجید

## جزو (الف) قرآن کے رموزِ اوقاف

### مشق

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں کہ وہ:

- دورانِ تلاوت رموزِ اوقاف کا خیال رکھ سکیں۔

**الف:** **دیئے گئے الفاظ سے خالی جگہ پُر کریں۔**

قف　　م　　ز　　جائز　　صل

1. م، وقف لازم کی علامت ہے۔
2. ج، وقف جائز کی علامت ہے۔
3. ز، علامت پر نہ ٹھہرنا بہتر ہے۔
4. ٹھہر جاؤ قف کا معنی ہے۔
5. صل پر ٹھہرا بھی جاتا ہے اور کبھی نہیں بھی۔

**ب:** **درج ذیل سوالات کے جواب دیں۔**

1. **رموزِ اوقاف سے کیا مراد ہے؟**

**جواب:** جب ہم قرآن مجید کی تلاوت کرتے ہیں تو کہیں آواز بلند کرتے ہیں اور کہیں پست۔ کہیں کم ٹھہرتے ہیں اور کہیں زیادہ اور کہیں بالکل بھی نہیں ٹھہرتے۔ اس کے لئے اہلِ علم نے مختلف علامتیں مقرر کی ہیں جنہیں ''رموزِ اوقاف'' کہتے ہیں۔

2. **پانچ رموزِ اوقاف اور ان کا استعمال لکھیں۔**

**جواب:**

| | |
|---|---|
| س یا سکتہ | یہاں تھوڑا سا ٹھہرنا چاہیے مگر سانس نہ ٹوٹنے پائے۔ |
| لا | لا کا معنی ہے ''نہیں''۔ یہاں ہر گز نہیں ٹھہرنا چاہیے۔ |
| قف | اس کے معنی ہیں ''ٹھہر جاؤ''۔ |
| صل | یہاں ٹھہرا بھی جاتا ہے اور کبھی نہیں بھی |
| ک | اس سے مراد ہے کہ جو رمز اس سے پہلی آیت میں آچکی ہے، اس کا اس پر بھی حکم ہے۔ |

## جزو (ب) ناظرۂ قرآن

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں کہ وہ:

- قرآن مجید کے پہلے اور دوسرے پارے کی تجوید کے ساتھ تلاوت کر سکیں۔
- دوران تلاوت مخارج اور رموز اوقاف کا خیال رکھ سکیں۔

**عملی سرگرمی:**

- طلبہ کی قرأت کی درستی کے لیے ان کو کسی معروف قاری کی آواز میں تلاوت سنائیں۔
- www.tanzil.net اور www.irfanulquran.com پر جائیں اور قرآن مجید ترجمہ کے ساتھ اپنے من پسند قاری،

سورتوں اور آیات کا انتخاب کر کے براہ راست سنیں۔

**نوٹ برائے طلباء واساتذہ:**

- یکساں قومی نصاب برائے اسلامیات (لازمی) ۲۰۲۰ء کے مطابق کلاس دوم میں قرآن مجید کا پہلا اور دوسرا پارہ بطور ناظرہ پڑھنا لازم ہے۔

## جزو (ج) تَعَوُّذ اور تَسْمِیَہ

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں کہ وہ:

- تَعَوُّذ، تَسْمِیَہ اور ان کا مفہوم یاد کر سکیں۔
- موزوں مواقع پر ان کا استعمال کر سکیں۔

**عملی سرگرمی:**

- طلبہ کو ان کلمات کا درست اور بار بار عملی استعمال کرنے کی مشق کرائیں تاکہ یہ ان کی عادت بن جائے۔

### مشق

**الف:** **تَعَوُّذ کی تلاوت کریں اور رنگ بھریں۔**

أَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ

**ب:** **درست (✓) یا غلط (✗) کا نشان لگائیں۔**

1 تَعَوُّذ کے معنی ہیں "پناہ مانگنا"۔ (✓)

2 شیطان ہم سے اچھے کام کرانے کی کوشش کرتا ہے۔ (✗)

3 قرآن مجید کی تلاوت سے پہلے تَعَوُّذ پڑھنا چاہیے۔ (✓)

4 غصے سے بچنے کے لئے ہمیں تَعَوُّذ پڑھنا چاہیے۔ (✓)

5 تَعَوُّذ پڑھنے سے شیطان ہم سے دور چلا جاتا ہے۔ (✓)

**ج:** **تَسْمِیَہ کی تلاوت کریں اور رنگ بھریں۔**

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

**د:** **درست جوڑ ملا کر جملے پڑھیے۔**

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1 | بِسْمِ اللّٰہ | شروع نہ کیا جائے | مدد کرتے ہیں۔ |
| 2 | جو کام تَسْمِیَہ پڑھ کر | اللہ تعالیٰ | الرَّحِیْم |
| 3 | تَسْمِیَہ پڑھنے سے | الرَّحْمٰن | بے برکت رہتا ہے۔ |
| 4 | تَسْمِیَہ پڑھی تو | شروع، جو نہایت مہربان | آسان ہو جاتا ہے۔ |
| 5 | اللہ تعالیٰ کے نام سے | کام | ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے |

**ہدایت برائے والدین:**

گھر میں والدین بچے کی تعوذ اور تسمیہ مع ترجمہ بار بار دہرانے میں مدد کریں تاکہ اسے یاد ہو جائے۔

Laurel Publishers

جزو (د) | حفظِ قرآنِ مجید

## حاصلاتِ تعلّم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں کہ وہ:

- سورۃ الفلق اور سورۃ الناس درست تلفظ کے ساتھ حفظ کر سکیں۔
- سورتوں کو حفظ کر کے تجوید کے ساتھ نماز اور نماز کے علاوہ زبانی تلاوت کر سکیں۔
- معوذ تین کی اہمیت اور فضیلت جان سکیں۔

### مشق

**الف: درج ذیل سوالات کے جواب دیں۔**

**1 معوذ تین سے کیا مراد ہے؟**

جواب: معوذ تین سے مراد قرآن حکیم کی آخری دو سورتیں سورۃ الفلق اور سورۃ الناس ہیں

**2 معوذ تین کی فضیلت پر حدیثِ مبارکہ تحریر کریں۔**

جواب: حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّم ہر رات جب بستر پر آرام کے لئے لیٹتے تو اپنی دونوں ہتھیلیوں کو ایک ساتھ کر کے "قُلۡ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ، قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ الۡفَلَقِ اور قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ النَّاسِ" پڑھ کر اُن پر پھونکتے اور پھر دونوں ہتھیلیوں کو جہاں تک ممکن ہوتا اپنے جسم پر پھیرتے تھے۔ یہ عمل تین مرتبہ فرماتے تھے۔

## عملی سرگرمیاں

- طلبہ کی قرأت کی درستی کے لیے ان کو کسی معروف قاری کی آواز میں تلاوت سنائیں۔
- www.tanzil.net اور www.irfanulquran.com پر جائیں اور قرآن مجید ترجمہ کے ساتھ اپنے من پسند قاری، سورتوں اور آیات کا انتخاب کر کے براہ راست سنیں۔
- کمرا جماعت میں ان سورتوں کو خوش الحانی سے پڑھنے کا مقابلہ کرائیں۔

# احادیث نبوی صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ

## جزو (الف) درود شریف

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں کہ وہ:

- درود شریف مع مفہوم یاد کر سکیں اور موزوں مواقع پر اس کا استعمال کر سکیں۔
- یہ جان لیں کہ جب بھی نبی کریم صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کا اسمِ گرامی سنیں، پڑھیں یا لکھیں تو درود شریف کا اہتمام کرنا چاہیے۔

**مشق**

**الف: سوالات کے جواب دیں۔**

**1 عربی زبان میں درود کے لئے کون سا لفظ استعمال ہوتا ہے؟**

**جواب:** صلوۃ

**2 ایک مرتبہ درود شریف پڑھنے والے پر کتنی مرتبہ رحمتیں نازل ہوتی ہیں؟**

**جواب:** دس مرتبہ

**ب: درود شریف کا ورد کریں اور ساتھ ساتھ خوبصورت رنگ بھریں۔**

**ہدایت برائے والدین**

والدین گھر میں خصوصی طور پر اس بات کا دھیان رکھیں کہ جب بھی پیارے نبی حضرت محمد مصطفیٰ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کا اسمِ مبارک آئے تو نہ صرف وہ خود بلکہ بچے بھی درود شریف پڑھیں۔

**عملی سرگرمی:**

- ہر جمعۃ المبارک کے روز جماعت میں اجتماعی حلف درود کا اہتمام کیا جائے اور اس سلسلے میں بچوں کو چھوٹی چھوٹی ذمّہ داریاں دی جائیں تاکہ وہ انہیں باعث سعادت سمجھیں۔

Laurel Publishers

## جزو (ب) احادیث نبوی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں کہ وہ:

- دو مختصر صحیح احادیث سمجھ سکیں۔
- اپنی زندگی میں ان احادیث کی تعلیمات پر عمل کر سکیں۔

**مشق**

**الف: احادیثِ مبارکہ کو زبانی یاد کریں۔**

**ب: احادیثِ مبارکہ کا ترجمہ یاد کریں۔**

**ج: احادیثِ مبارکہ کو بار بار دہرائیں اور رنگ بھریں۔**

**عملی سرگرمی:**

حدیث کو سمجھ کر اس پر عمل کرنا اپنا معمول بنائیں۔

**ہدایت برائے والدین:**

گھر میں والدین بچوں کو بار بار دہرائی کرائیں تاکہ انہیں حدیثِ مبارکہ یاد کرنے میں مدد مل سکے۔

## جزو (ج) اِسلامی آداب

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں کہ وہ:

- روزمرّہ زندگی میں استعمال ہونے والے کلمات اور ان کا مفہوم یاد کر سکیں۔
- مناسب مواقع پر ان کا استعمال کر سکیں۔

**عملی سرگرمی:**

- کمرۂ جماعت میں مندرجہ بالا اِسلامی آداب کا چارٹ تیار کر کے آویزاں کریں۔
- جن مواقع پر **الحمد للہ** اور **یرحمك اللہ** کا استعمال کیا جاتا ہے ان کی نشاندہی کریں۔

## جزو (د) پیارے نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی پیاری دعائیں

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں کہ وہ:

- اس دعا کو ترجمہ کے ساتھ یاد کر سکیں۔
- روزمرّہ زندگی میں پڑھنے کے عادی ہو سکیں۔

**مشق**

**الف:** دعا کو زبانی یاد کریں۔

**ب:** دعا کا ترجمہ یاد کریں۔

**عملی سرگرمی:**

دعا کو یاد کر کے اسے روزانہ پڑھنے کا معمول بنائیں۔

**ہدایت برائے والدین:**

گھر میں والدین بچوں کو بار بار دہرائی کرائیں تاکہ انہیں یہ دعا اور اس کا ترجمہ یاد کرنے میں مدد مل سکے۔

# سیرت النبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّم

## جزو (الف) پیارے نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّم کی محبت و اطاعت

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- یہ سمجھ سکیں کہ خاتم النبیین حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّم سے محبت رکھنا ایمان کا لازمی جزو ہے۔
- یہ جان سکیں کہ خاتم النبیین حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّم کی اطاعت ہر مسلمان پر فرض ہے۔

### مشق

**الف: سوالات کے جواب دیں۔**

**1 مسلمان ہونے کے لئے کن پر ایمان لانا ضروری ہے؟**

**جواب:** مسلمان ہونے کے لئے ضروری ہے کہ اللہ تعالیٰ کو ایک مانا جائے۔ اُس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرایا جائے۔ صرف اور صرف اللہ تعالیٰ کی عبادت کی جائے۔ اسی طرح مسلمان ہونے کیلئے یہ بھی ضروری ہے کہ حضرت محمد مصطفیٰ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّم کو اللہ تعالیٰ کا بندہ اور رسول مانیں۔ حضرت محمد مصطفیٰ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّم اللہ تعالیٰ کے آخری نبی اور رسول ہیں۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّم خاتم النّبیّین ہیں۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّم کے بعد قیامت تک کوئی اور نبی نہیں آئے گا۔

**2 اللہ تعالیٰ پر ایمان لانے سے کیا مراد ہے؟**

**جواب:** اللہ تعالیٰ پر ایمان لانے کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کو ایک مانا جائے۔ اُس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرایا جائے۔ صرف اور صرف اللہ تعالیٰ کی عبادت کی جائے۔

**3 حضرت محمد مصطفیٰ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّم پر ایمان لانے سے کیا مراد ہے؟**

**جواب:** حضرت محمد مصطفیٰ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّم پر ایمان لانے سے مراد یہ ہے کہ حضرت محمد مصطفیٰ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّم کو اللہ تعالیٰ کا بندہ اور رسول مانیں۔ حضرت محمد مصطفیٰ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّم اللہ تعالیٰ کے آخری نبی اور رسول ہیں۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّم خاتم النّبیّین ہیں۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّم کے بعد قیامت تک کوئی اور نبی نہیں آئے گا۔

4 **خاتم النّبیّٖن کا مفہوم بیان کریں۔**

**جواب:** حضرت محمد مصطفیٰ صَلّی اللہ عَلَیۡہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّم اللہ تعالیٰ کے آخری نبی اور رسول ہیں۔ آپ صَلّی اللہ عَلَیۡہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّم خاتم النّبیّٖن ہیں۔ آپ صَلّی اللہ عَلَیۡہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّم کے بعد قیامت تک کوئی اور نبی نہیں آئے گا۔

5 **کس صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے گھر کا پورا مال اور کس نے آدھا مال راہِ خدا میں قربان کر دیا؟**

**جواب:** حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سارا مال لے آئے اور حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ آدھا مال لے آئے۔

**ب: پیارے نبی حضرت محمد مصطفیٰ صَلّی اللہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّم کا نام مبارک تلاش کریں۔ درود شریف کا ورد کرتے ہوئے سبز رنگ بھریں۔**

محمد صَلّی اللہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّم

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| د | م | ح | م | م | د |
| م | ذ | ن | ل | ح | م |
| م | ک | و | ر | م | م |
| ح | ج | ز | ق | م | ح |
| م | ح | م | م | د | م |
| و | م | ن | م | م | د |

## عملی سرگرمیاں

- بچے پیارے نبی صَلّی اللہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّم کے نام ایک خوبصورت خط لکھیں اور اپنی محبت اور جذبات کا اظہار کریں۔
- نبی کریم صَلّی اللہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّم کی محبت اُجاگر کرنے کے لئے بچوں میں نعت خوانی کا مقابلہ کروایا جائے۔


Laurel Publishers

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں کہ وہ:

- خاتم النبیین حضرت محمد مصطفیٰ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَ اَصۡحَابِہٖ وَسَلَّم کی رحمدلی کے بارے میں جان سکیں۔
- نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَ اَصۡحَابِہٖ وَسَلَّم کے اخلاقِ حسنہ کو اپنا سکیں۔

## مشق

**الف سوالات کے جواب دیں۔**

1. **رحمۃ للعالمین کا کیا مطلب ہے؟**

**جواب:** تمام جہان والوں کے لیے رحمت

2. **رسول اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَ اَصۡحَابِہٖ وَسَلَّم نے اچانک کس کی آواز سنی؟**

**جواب:** ہرنی کی

3. **شکاری نے آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَ اَصۡحَابِہٖ وَسَلَّم سے کیا ضمانت مانگی؟**

**جواب:** شکاری نے آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَ اَصۡحَابِہٖ وَسَلَّم سے کوئی ضمانت مانگی تو آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَ اَصۡحَابِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا کہ میں اس کے ضمانتی کے طور پر تمہارے پاس رُک جاتا ہوں۔

4. آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَ اَصۡحَابِہٖ وَسَلَّم سے متاثر ہو کر شکاری نے کیا عمل کیا؟

**جواب:** شکاری نے ہرنی کو آزاد کر دیا

**ب دیئے گئے الفاظ سے خالی جگہ پُر کریں۔**

| رسول غار بچے تمام جہانوں کے لئے رحمت بولیاں |
| --- |

1. رحمۃ للعالمین کا معنی **تمام جہانوں کے لئے رحمت**
2. ہرنی کے **بچے** بھوکے تھے۔
3. ہرنی کے بچے **غار** میں رہتے تھے۔
4. رسول اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَ اَصۡحَابِہٖ وَسَلَّم سب کی **بولیاں** سمجھتے تھے۔
5. ہرنی نے آزاد ہو کر کہا کہ اللّٰہ تعالیٰ ایک ہے اور آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَ اَصۡحَابِہٖ وَسَلَّم اُس کے **رسول** ہیں۔

**عملی سرگرمی:**

بچے پیارے نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَ اَصۡحَابِہٖ وَسَلَّم کی رحمدلی کے واقعات والدین کی مدد سے تلاش کریں اور جماعت میں اپنے ساتھیوں کو سنائیں۔

Laurel Publishers

Laurel Publishers

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں کہ وہ:

- خاتم النبیین حضرت محمد مصطفیٰ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّم کے ایفائے عہد اور عفو و در گزر کے بارے میں جان سکیں۔
- نبی کریم صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّم کے اخلاقِ حسنہ کو اپنا سکیں۔

## مشق

**الف: سوالات کے جواب دیں۔**

**1 ایفائے عہد کا کیا معنٰی ہے؟**

جواب: ایفائے عہد کے معنٰی وعدہ پورا کرنے کے ہیں

**2 عفو و در گزر کا کیا معنٰی ہے؟**

جواب: عفو کا معنٰی ہے "معافی" اور در گزر کا معنٰی ہے "معاف کرنا۔"

**ب: کالم (الف) کو کالم (ب) سے ملائیں۔**

| کالم (الف) | کالم (ب) |
|---|---|
| جب کوئی شخص کسی کو تکلیف پہنچائے | اللہ تعالیٰ معاف فرما دیتے ہیں |
| دوسرے کی غلطیاں معاف کرنے والے کو | وعدے کی پابندی کرتا ہے۔ |
| رسول اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّم تین دن | تو وہ اللہ تعالیٰ کی خاطر اُسے معاف کر دے۔ |
| ایک اچھا مسلمان ہمیشہ | انتظار فرماتے رہے |

**عملی سرگرمی**

کمرۂ جماعت میں حضرت محمد مصطفیٰ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّم کے ایفائے عہد اور در گزر کے موضوع پر تقریری مقابلے کا انعقاد کریں۔

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں کہ وہ:

- اہلِ بیت کی تعریف جان سکیں۔
- اہلِ بیت کا تعارف کروا سکیں۔

## مشق

**الف:** درج ذیل سوالات کے جواب دیں۔

1. **اہلِ بیت نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّم سے کیا مراد ہے؟**

**جواب:** اہلِ بیت کا معنی ہے "گھر والے"۔ خاتم النبیّین حضرت محمد مصطفیٰ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّم کے گھر کے افراد کو "اہلِ بیت نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّم" کہا جاتا ہے۔

2. **خاتم النبیین حضرت محمد مصطفیٰ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّم نے کون سی دو چیزیں امت کیلئے چھوڑیں؟**

**جواب:** قرآن اور اہلِ بیت

3. **پنج تن پاک سے مراد کون سی مقدس ہستیاں ہیں؟**

**جواب:** حضرت محمد مصطفیٰ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّم، حضرت علی رضی اللہ عنہ، حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہ، حضرت حسن رضی اللہ عنہ، حضرت حسین رضی اللہ عنہ

**ب:** **دیئے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔**

| | | | |
|---|---|---|---|
| چار | اللہ تعالیٰ | قرآن | اہلِ بیت |

1. خاتم النبیین حضرت محمد مصطفیٰ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا کہ میں تمہیں اپنے اہلِ بیت کے بارے میں **اللہ تعالیٰ** کی یاد دلاتا ہوں۔
2. میں تمہارے اندر دو چیزیں **قرآن** اور **اہلِ بیت** چھوڑے جا رہا ہوں۔
3. حضور نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّم نے اپنے ساتھ **چار** ہستیوں کو چادر میں چھپا کر آیت پڑھی۔

ج: پنج تن پاک کے نام تلاش کریں اور نیچے دی گئی جگہ پر لکھیں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| م | ب | ح | ع | ل | ی |
| ح | ک | س | ف | ر | ف |
| م | خ | ی | ی | ج | ا |
| م | ش | ن | ز | ب | ط |
| د | ل | گ | ی | ن | م |
| ع | ا | ح | س | ن | ہ |

محمد　علی　فاطمہ　حسن　حسین

## عملی سرگرمیاں

- اپنے اساتذہ کی مدد سے اہلِ بیت نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّم میں سے پانچ ہستیوں کے مزید نام مبارک تلاش کر کے لکھیں۔
- پنج تن پاک کا تعارف اور ان کے اسمائے گرامی کا چارٹ تیار کر کے کمرہ جماعت میں آویزاں کریں۔
- اہلِ بیت نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّم کے خاص ایام کی مناسبت سے بچوں کو ان کے واقعات سنائیں۔

Laurel Publishers

# ایمانیات

## جزو (الف) آسمانی کتابیں

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں کہ وہ:

- اس بات کو سمجھ کر ایمان پختہ کریں کہ اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی رہنمائی کے لئے اپنے رسولوں پر آسمانی کتابیں نازل کی ہیں۔
- الہامی کتب اور جن انبیائے کرام علیھم السّلام پر نازل ہوئیں، ان کے نام جان سکیں۔
- یہ جان لیں کہ قرآن مجید اللہ تعالیٰ کی آخری کتاب ہے۔

### مشق

**الف: درج ذیل سوالات کے جواب دیں۔**

1. **جن انبیائے کرام علیھم السّلام پر کتاب نازل کی گئی انہیں کیا کہتے ہیں؟**

**جواب:** رسول

2. **مشہور آسمانی کتابیں کتنی ہیں؟**

**جواب:** چار

3. **مشہور آسمانی کتابوں کے نام لکھیں۔**

**جواب:** زبور، توریت، انجیل، قرآن مجید

4. **سب سے آخری نبی اور آخری کتاب کا نام لکھیں۔**

**جواب:** حضرت محمد مصطفیٰ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ، قرآن مجید

**ب: کالم (الف) کو کالم (ب) سے اس طرح ملائیں کہ درست جواب میں ایک جیسا رنگ بھریں۔**

| کالم (الف) | کالم (ب) |
|---|---|
| حضرت موسیٰ علیہ السّلام | زبور |
| حضرت داؤد علیہ السّلام | انجیل |
| حضرت عیسیٰ علیہ السّلام | قرآن مجید |
| حضرت محمد مصطفیٰ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ | تورات |

**عملی سرگرمیاں:**

- الہامی کتب اور جن انبیائے کرام علیھم السّلام پر یہ کتب نازل ہوئیں، اُن کا چارٹ بنا کر کمرا جماعت میں آویزاں کریں۔
- جس نبی علیہ السّلام پر جو کتاب نازل ہوئی ہے، اُس میں ایک جیسا رنگ بھریں۔



Laurel Publishers

## جزو (ب) فرشتے

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں کہ وہ:

- اللہ تعالیٰ کی نوری مخلوق فرشتوں کے بارے میں جان کر ایمان پختہ کر سکیں۔
- چار بڑے فرشتوں کے نام جان سکیں۔

### مشق

**الف: سوالات کے جواب دیں۔**

**1 اللہ تعالیٰ نے فرشتوں کو کس چیز سے بنایا ہے؟**

**جواب:** نور سے

**2 جو فرشتے ہمارے اعمال لکھتے ہیں، انہیں کیا کہا جاتا ہے؟**

**جواب:** کراماً کاتبین

**3 فرشتے کس کس کو نظر آتے ہیں؟**

**جواب:** وہ صرف انبیائے کرام علیہم السّلام کو اور جسے اللہ تعالیٰ چاہتے ہیں اُسے نظر آتے ہیں

**ب: مندرجہ ذیل کاموں کے آگے اُن کے فرشتوں کے نام لکھیں۔**

| کام | نام |
|---|---|
| اللہ تعالیٰ کے پیغامات رسولوں تک پہنچانا | حضرت جبرائیل علیہ السلام |
| اللہ تعالیٰ کے حکم سے بارش برسانا | حضرت میکائیل علیہ السلام |
| قیامت کے دن صور پھونکنا | حضرت اسرافیل علیہ السلام |
| موت کے وقت جسم سے روح نکالنا | حضرت عزرائیل علیہ السلام |

**عملی سرگرمی:**

مندرجہ ذیل کالم کو اساتذہ اور والدین کی مدد سے پُر کریں اور بتائیں کہ دائیں اور بائیں کندھے والا فرشتہ کون کون سے کام لکھتا ہے۔

| دائیں کندھے والا فرشتہ | بائیں کندھے والا فرشتہ |
|---|---|
| ہمارے اچھے کام لکھتا ہے | ہمارے برے کام لکھتا ہے |
| | |
| | |

## جزو (ج) یومِ آخرت

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں کہ وہ:

- آخرت کے بارے میں اجمالی طور پر جان سکیں۔
- آخرت اور جزا و سزا پر ایمان پختہ کر سکیں۔
- عقیدۂ شفاعت کے بارے میں جان سکیں۔

### مشق

**الف: درست جواب پر (Tick) کا نشان لگائیں۔**

**1 آخرت میں اجر ملے گا**

۱) بُرے کاموں کا

۲) اچھے کاموں کا ✔

۳) گناہوں کا

**2 زندگی ختم ہونے والی ہے:**

۱) دنیا کی ✔

۲) آخرت کی

۳) جنت کی

3 آخرت کے دن حساب ہو گا:

۱) پیسوں کا

۲) مال و جائیداد کا

۳) اعمال کا ✔

4 لوگ جنت میں نہیں جائیں گے؟

۱) نیک

۲) گناہ گار

۳) بے ایمان ✔

5 جس دن سب دوبارہ زندہ کئے جائیں گے:

۱) پیر کے دن

۲) آخرت کے دن ✔

۳) عید کے دن

**عملی سرگرمی:**

- اپنے اساتذہ کے ساتھ مل کر ایسے کاموں کی فہرست بنائیں جن کو کرنے سے ہم جنت میں داخل ہو سکیں۔

**ب: سوالات کے جواب دیں۔**

**1 آخرت کے دن کیا ہو گا؟**

جواب: آخرت کے دن ہمارے اچھے اور بُرے کاموں کا حساب ہو گا۔

**2 قیامت کے دن گناہگاروں کی سفارش کون کرے گا؟**

جواب: ہمارے پیارے نبی حضرت محمد مصطفیٰ صَلَّی اللہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَ اَصۡحَابِہٖ وَسَلَّم

**3 قیامت کے دن حضرت محمد مصطفیٰ صَلَّی اللہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَ اَصۡحَابِہٖ وَسَلَّم کی سفارش کو کیا کہتے ہیں؟**

جواب: شفاعت

**4 جنت کیسی جگہ ہے؟**

جواب: جنت ایک بہت خوبصورت جگہ ہے جس میں دودھ اور شہد کی نہریں ہوں گی۔ جنت میں انسان کی ہر فرمائش پوری ہو گی۔ جنت میں اللہ تعالیٰ کے نیک بندوں کو محل دیے جائیں گے۔ ہر چیز خدمت میں حاضر کر دی جائے گی۔

**5 دوزخ کیسی جگہ ہے؟**

جواب: دوزخ ایک ایسی بُری جگہ ہے جہاں آگ ہی آگ ہے۔ اس میں انسانوں کو ان کے برے کاموں کی وجہ سے سزا دی جائے گی۔ اللہ تعالیٰ پر ایمان نہ لانے والے اس میں جائیں گے اور پھر کبھی نہیں نکل سکیں گے۔

Laurel Publishers

# روزہ

## جزو (الف) آسمانی کتابیں


**حاصلاتِ تعلّم:**


اس سبق کو پڑھنے کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں کہ وہ:

- یہ سمجھ لیں کہ روزہ (صوم) اسلام کا ایک اہم رُکن ہے۔
- یہ جان سکیں کہ رمضان المبارک مسلمانوں کے لیے روزے رکھنے کا مہینہ ہے۔
- سحری اور افطاری کے بارے میں جان سکیں۔

### مشق

**الف: افطاری میں اپنی پسندیدہ چیزوں میں رنگ بھریں۔**



**ب: صحیح جواب پر (Tick) کا نشان لگائیں۔**

1. سحری کس وقت کھائی جاتی ہے؟
   ۱) فجر سے پہلے ✔
   ۲) ظہر سے پہلے
   ۳) عصر سے پہلے
   ۴) مغرب سے پہلے

2. افطاری کس وقت ہوتی ہے؟
   ۱) عصر سے پہلے
   ۲) عشاء سے پہلے
   ۳) غروب آفتاب کے بعد ✔
   ۴) ظہر سے پہلے

3. روزہ دار کے لئے کتنے فرشتے دعا کرتے ہیں؟
   ۱) چالیس ہزار
   ۲) پچاس ہزار
   ۳) ساٹھ ہزار
   ۴) ستر ہزار ✔

Laurel Publishers

4 روزہ کو عربی زبان میں کیا کہتے ہیں؟

۱) صلوٰۃ

۲) صوم ✔

۳) انفاق

۴) فردوس

5 مسلمان سال میں کتنے روزے رکھتے ہیں؟

۱) ایک مہینہ ✔

۲) دو مہینے

۳) تین مہینے

۴) چار مہینے

**ج: سوالات کے جواب دیں۔**

**1 مسلمان کس اسلامی مہینے میں روزے رکھتے ہیں؟**

جواب: رمضان کے مہینے میں

**2 روزہ رکھنے والے کو کیا ملتا ہے؟**

جواب: روزہ رکھنے سے اللہ تعالیٰ خوش ہوتے ہیں۔ روزہ دار کے گناہ معاف کر دیتے ہیں اور اُس کیلئے ستر ہزار فرشتے دعا کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ روزہ کا اجر میں خود دوں گا۔

**3 سحری سے کیا مراد ہے؟**

جواب: طلوع آفتاب سے پہلے اٹھ کر روزہ رکھنے کی نیت سے کچھ کھانا سحری کہلاتا ہے

**عملی سرگرمیاں:**

- روزہ رکھنے کی نیت اور روزہ افطار کرنے کی دعا کا چارٹ بنوا کر کمرا جماعت میں آویزاں کریں۔
- اساتذہ اور والدین کی مدد سے روزے کے طبی فوائد کی فہرست بنائیں۔

Laurel Publishers

# آدابِ زندگی

## جزو (الف) بڑوں کا ادب

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں کہ وہ:

- قرآن و سنت کی روشنی میں بڑوں کے ادب و احترام کے بارے میں جان سکیں۔
- بڑوں کے ادب و احترام کی اہمیت سے آگاہ ہو سکیں۔
- بڑوں کے احترام کی عادت اپنا سکیں۔

### مشق

**سوالات کے جواب دیں۔**

**الف: ہم اپنے بڑوں کا خیال کس طرح رکھ سکتے ہیں؟ کوئی سے تین طریقے لکھیں۔**

1. ہم اپنے بڑوں کی عزت کریں
2. بڑوں سے اونچی آواز میں بات نہ کریں
3. ان کی بات غور سے سنیں

**ب: درست بیان کے سامنے دیئے گئے خانے میں ( ✓ ) کا نشان لگائیں۔**

1. اسلام بڑوں کے احترام کی تعلیم دیتا ہے۔ ✓
2. ہمیں بڑوں کی بات نہیں ماننی چاہیے۔ ✗
3. بڑوں کا ادب کرنے سے اللہ تعالیٰ خوش ہوتے ہیں۔ ✓
4. بڑوں کو تنگ کرنا اچھی بات ہے۔ ✗
5. بڑوں کو سلام میں پہل کرنی چاہیے۔ ✗
6. بڑوں سے اُونچی آواز میں بات نہ کریں۔ ✓

**عملی سرگرمیاں:**

- سبق میں بڑوں کے ادب کے حوالے سے جو باتیں بتائی گئی ہیں اُن کی روشنی میں ایک فہرست مرتب کریں اور بتائیں کہ آپ ان میں سے کن کن باتوں کا خیال رکھتے ہیں۔
- روز مرّہ زندگی میں آپ اپنے بڑوں کا ادب کیسے کرتے ہیں، استاد کو بتائیں۔

## جزو (ب) گفتگو کے آداب

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں کہ وہ:

- گفتگو کے آداب سے آگاہ ہو سکیں۔
- اپنی عملی زندگی میں ان آداب پر عمل کر سکیں۔

**مشق**

**الف:** **اپنا جائزہ لے کر بتائیں کہ ان میں سے کیا کام کرتے ہیں اور کیا نہیں کرتے؟**

| | آداب | جی ہاں | نہیں |
|---|---|---|---|
| ا۔ | نرمی سے گفتگو کرتے ہیں۔ | ✔ | |
| ۲۔ | دوسروں کی بات توجہ سے سنتے ہیں۔ | ✔ | |
| ۳۔ | دوسروں سے مسکرا کے بات کرتے ہیں۔ | ✔ | |
| ۴۔ | گالم گلوچ کرتے ہیں۔ | | ✔ |
| ۵۔ | دوسروں کو بُرے ناموں سے پکارتے ہیں۔ | | ✔ |

**عملی سرگرمی:**

گھر میں اپنے چھوٹے بہن بھائی کا بغور جائزہ لینا ہے اور فہرست بنانی ہے کہ کیا وہ ان آداب کا خیال رکھتے ہیں یا نہیں۔ پھر یہ آداب سیکھنے میں اُن کی مدد کرنی ہے۔

## جزو (ج) کھانے پینے کے آداب

**حاصلاتِ تعلّم:**

- قرآن و سنت کی روشنی میں کھانے پینے کے آداب سیکھ سکیں۔
- اپنی عملی زندگی میں ان آداب پر عمل کر سکیں۔

**مشق**

**الف:** **اپنا جائزہ لیں اور کھانا کھانے اور پانی پینے کے دوران جن باتوں کا خیال رکھتے ہیں اُن میں رنگ بھریں۔**

| | |
|---|---|
| بیٹھ کر پانی پیتے ہیں۔ | |
| کھانا کھانے کے دوران بڑے نوالے لیتے ہیں۔ | |
| پانی ایک ہی سانس میں پیتے ہیں۔ | |
| کھانا کھانے سے پہلے ہاتھ دھوتے ہیں۔ | |
| کھانا اچھی طرح چبا کر اور آہستہ کھاتے ہیں۔ | |
| پانی پینے کے دوران برتن میں دیکھتے ہیں۔ | |
| بائیں ہاتھ سے پانی پیتے ہیں۔ | |

**ب:** **سوالات کے جواب دیں۔**

1. **کھانا شروع کرنے اور پانی پینے سے پہلے کیا پڑھنا چاہیے؟**

**جواب:** بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

2. **کھانا کھانے کے بعد کیا پڑھنا چاہیے؟**

**جواب:** اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ الَّذِیۡ اَطۡعَمَنَا وَ سَقَانَا وَ جَعَلَنَا مُسۡلِمِیۡنَ

3. **کھانا تسمیہ سے شروع کرنا بھول جائیں تو کیا پڑھنا چاہیے؟**

**جواب:** بِسۡمِ اللّٰہِ اَوَّلَہٗ وَ اٰخِرَہٗ

Laurel Publishers

**عملی سرگرمیاں:**

- کھانا کھانے سے پہلے اور بعد کی دعا کا چارٹ بنا کر کمرا جماعت میں آویزاں کریں۔
- سکول کے اوقات میں وقفے کے دوران بچوں کے ایک جگہ کھانا کھانے کا اہتمام کریں تاکہ وہ کھانا کھانے اور پانی پینے کے آداب کا عملی مظاہرہ کر سکیں۔

Laurel Publishers

# جانوروں سے اچھا سلوک

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد بچّے اس قابل ہو جائیں کہ وہ:

- قرآن و سنّت کی روشنی میں یہ جان سکیں کہ تمام انسان اور جانور اللہ تعالیٰ کی تخلیق ہیں اور انہیں سب کے ساتھ اچھّا برتاؤ کرنا چاہیے۔
- جانوروں کے حقوق سے آگاہ ہو سکیں۔
- جانوروں کے ساتھ اچھّے سلوک اور ہمدردی کا مظاہرہ کر سکیں۔

**مشق**

**الف: درج ذیل دیے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔**

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| بلی | بھوک پیاس | تکلیف | خدمت | عذاب |

1. اللہ تعالیٰ نے جانوروں کو انسانوں کی **خدمت** کے لئے پیدا کیا۔
2. جانور بھی انسانوں کی طرح **بھوک پیاس** محسوس کرتے ہیں۔
3. جانوروں سے بُرا سلوک اللہ تعالیٰ کے **عذاب** کو دعوت دیتا ہے۔
4. جانوروں کو **تکلیف** نہ دیں۔
5. ایک عورت کو **بلّی** کی وجہ سے عذاب دیا گیا۔

**عملی سرگرمیاں:**

- اپنے گھر کی چھت پر دانے اور پانی کے لئے برتن رکھیں اور روزانہ اُن میں پرندوں کے کھانے کے لئے کوئی چیز اور پانی ڈالیں۔
- آپ اپنے پالتو جانوروں کیساتھ کیسا سلوک کرتے ہیں، ہم جماعت ساتھیوں کو بتائیں۔

Laurel Publishers

# اِسلامی تہوار

## جزو (الف) عید الفطر

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں کہ وہ:

- عید الفطر کا تعارف حاصل کر سکیں۔
- یہ جان سکیں کہ رمضان المبارک کے بعد عید الفطر آتی ہے۔
- عید الفطر کے موقع پر کیے جانے والے کاموں کے بارے میں جان سکیں۔

### مشق

**الف: سوالات کے جواب دیں۔**

1. **عید الفطر کے کون کون سے نام ہیں؟**

**جواب:** چھوٹی عید، میٹھی عید، عید الفطر۔

2. **چھوٹی عید کو عید الفطر کیوں کہا جاتا ہے؟**

**جواب:** اس لیے کہ اس عید کے بعد ایک بڑی عید ۱۰ ذوالحج کو منائی جاتی ہے۔

3. **عید الفطر کس تاریخ کو منائی جاتی ہے؟**

**جواب:** یکم شوال کو منائی جاتی ہے۔

4. **عید الفطر پر کیے جانے والے کاموں میں سے آپ کا پسندیدہ کام کون سا ہے؟**

**جواب:** بڑوں سے عیدی لینا۔

**ب: دیے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔**

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| عیدی | باجماعت نماز | صدقہ فطر | غریبوں | عید مبارک |

1. عید الفطر کے موقع پر غریبوں اور مسکینوں کو **صدقہ فطر** ادا کیا جاتا ہے۔
2. مسجد میں عید کی **باجماعت نماز** ادا کرتے ہیں۔
3. عید کے دن سب ایک دوسرے کو **عید مبارک** کہتے ہیں۔
4. چھوٹے بچوں کو **عیدی** ملتی ہے۔
5. ہمیں **غریبوں** کو عید کی خوشیوں میں شامل کرنا چاہیے۔

**عملی سرگرمیاں:**

- عید کے دن کی اپنی مصروفیات دوستوں کو سنائیں۔
- عید کارڈ بنا کر خوبصورت رنگ بھریں۔

Laurel Publishers

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں کہ وہ:

- عید الاضحیٰ کا تعارف حاصل کر سکیں۔
- یہ جان سکیں کہ عید الاضحیٰ ذوالحج کے مہینے میں آتی ہے۔
- عید الاضحیٰ کے موقع پر کئے جانے والے کاموں کے بارے میں جان سکیں۔

**مشق**

**الف:** **سوالات کے جواب دیں۔**

**1 عید الاضحیٰ کے کون کون سے نام ہیں؟**

**جواب:** بڑی عید، عیدِ قرباں اور عید الاضحیٰ

**2 عید الاضحیٰ کس مہینے اور تاریخ پر منائی جاتی ہے؟**

**جواب:** ۱۰ ذوالحج

**3 عید الاضحیٰ کی خاص بات کیا ہے؟**

**جواب:** اس دن اللہ کی راہ میں جانور ذبح کیے جاتے ہیں

**4 عید الاضحیٰ کس واقعہ کی یاد دلاتی ہے؟**


**جواب:** حضرت ابراہیم علیہ السّلام اور حضرت اسماعیل علیہ السّلام

**5 قربانی کا گوشت کتنے حصّوں میں تقسیم کیا جاتا ہے؟**

**جواب:** تین حصوں میں

**عملی سر گرمیاں:**

- عید کے دن کی اپنی مصروفیات دوستوں کو سنائیں۔
- جس جانور کی آپ قربانی کرتے ہیں اُس کی تصویر بنائیں اور رنگ بھریں۔



**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں کہ وہ:

- جان سکیں کہ عید میلاد النبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّم اسلامی تہوار ہے۔
- ربیع الاول کی فضیلت جان سکیں۔
- عید میلاد النبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّم کو عملی طور پر منا سکیں۔

**مشق**

**الف: سوالات کے جواب دیں۔**

**1 میلاد النبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّم کا مطلب کیا ہے؟**

**جواب:** اس دن ہمارے پیارے نبی حضرت محمد مصطفیٰ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّم کی ولادت ہوئی، اس لئے ہم اس دن ان کا میلاد مناتے ہیں۔ میلاد کا مطلب ہے "ولادت کی خوشی منانا"۔

**2 پیارے نبی حضرت محمد مصطفیٰ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّم کی ولادت کس تاریخ کو ہوئی؟**

**جواب:** 12 ربیع الاوّل

**3 آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّم کی ولادت کس روز ہوئی؟**

**جواب:** پیر کے دن

**4 مسلمان میلاد کیوں مناتے ہیں؟**

**جواب:** پیارے نبی حضرت محمد مصطفیٰ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّم کی ولادت کی خوشی میں میلاد مناتے ہیں۔

**5 محافلِ میلاد میں کیا کیا کرنا چاہیے؟**

**جواب:** ہمیں چاہیے کہ نہ صرف اس دن بلکہ ربیع الاوّل کے پورے مہینے محافلِ میلاد کا اہتمام کریں۔ قرآنِ مجید کی تلاوت کریں۔ محافلِ نعت سجائیں۔ کثرت سے درود و سلام پڑھیں۔

**عملی سرگرمیاں:**

- پیارے نبی حضرت محمد مصطفیٰ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّم کی ذاتِ مبارکہ کے حوالے سے کمرا جماعت میں تقریری مقابلے کا انعقاد کریں۔
- کمرۂ جماعت میں محفلِ میلادِ مصطفیٰ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّم کا اہتمام کریں تاکہ بچوں کو اس کا طریقہ سکھایا جاسکے۔
- جشنِ عید میلاد النبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّم کا آنکھوں دیکھا حال بیان کریں۔

# انبیائے کرام علیہم السّلام

## جزو (الف)

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں کہ وہ:

- سابقہ انبیائے کرام **علیہم السّلام** میں سے حضرت آدم **علیہ السّلام**، حضرت نوح **علیہ السّلام** اور حضرت ابراہیم **علیہ السّلام** کا مختصر تعارف حاصل کر سکیں۔

### مشق

**الف:** **سوالات کے جواب دیں۔**

1. **دنیا کے پہلے انسان اور نبی کا نام کیا ہے؟**

**جواب:** حضرت آدم علیہ السّلام

2. **اللہ تعالیٰ نے فرشتوں کو کس چیز کا حکم دیا؟**

**جواب:** حضرت آدم علیہ السّلام کو سجدہ کرنے کا

3. **حضرت ابراہیم علیہ السّلام کو آگ میں کیوں ڈالا گیا؟**

**جواب:** حضرت ابراہیم علیہ السّلام نے ہر طریقے سے کوشش کی کہ اُن کی قوم بتوں کی پوجا چھوڑ دے۔ ان کے سامنے دلائل پیش کئے لیکن اُن کی قوم اپنی ضد پر اَڑی رہی۔ انہوں نے آپ علیہ السّلام کو تکلیفیں اور اذیتیں دینا شروع کر دیا۔ دوسری طرف اُس وقت کا بادشاہ نمرود جو اپنے آپ کو خدا سمجھتا تھا مشرکوں کے ساتھ مل کر آپ علیہ السّلام کو آگ میں ڈالنے کا فیصلہ کر لیا۔

4. **خانہ کعبہ کو کس نے تعمیر کیا؟**

**جواب:** حضرت ابراہیم علیہ السّلام

5. **اللہ تعالیٰ نے حضرت نوح علیہ السّلام کو عذاب سے بچنے کے لئے کیا بنانے کا حکم دیا؟**

**جواب:** کشتی

6. **حضرت نوح علیہ السّلام کی قوم پر کیا عذاب آیا؟**

**جواب:** سیلاب کا عذاب

Laurel Publishers

**ب: مندرجہ ذیل جملوں پر (Tick) اور (Cross) کے نشان لگائیں۔**

1. حضرت آدم علیہ السّلام کو مٹی سے بنایا گیا۔ ✔
2. نمرود نے حضرت ابراہیم علیہ السّلام کی دعوت کو قبول کر لیا۔ ✗
3. حضرت نوح علیہ السّلام نے پانچ سو سال اپنی قوم کو دعوتِ حق دی۔ ✗
4. ابلیس نافرمان تھا۔ ✔
5. حضرت ابراہیم علیہ السّلام کو جس آگ میں ڈالا گیا وہ گلزار بن گئی۔ ✔

**ج: مندرجہ ذیل الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔**

| | | | |
|---|---|---|---|
| حضرت ہاجرہ علیہا السلام | آدم ثانی | دو | جودی |

1. حضرت ابراہیم علیہ السّلام کی زوجہ کا نام **حضرت ہاجرہ علیہا السّلام** ہے۔
2. حضرت نوح علیہ السّلام کو **آدم ثانی** بھی کہا جاتا ہے۔
3. حضرت ابراہیم علیہ السّلام کے **دو** بیٹے تھے۔
4. حضرت نوح علیہ السّلام کی کشتی **جودی** پہاڑ پر رکی۔

## جزو (ب)

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد بچے اس قابل ہو جائیں کہ وہ:

- سابقہ انبیائے کرام علیہم السّلام میں سے حضرت موسیٰ علیہ السّلام، حضرت داؤد علیہ السّلام اور حضرت عیسیٰ علیہ السّلام کا مختصر تعارف حاصل کر سکیں۔
- انبیائے کرام علیہم السّلام پر نازل ہونے والی کتب اور صحائف کے بارے میں جان سکیں۔

### مشق

**الف: سوالات کے جواب دیں۔**

1. **حضرت موسیٰ علیہ السّلام کو کس قوم کی طرف بھیجا گیا تھا؟**

جواب: بنی اسرائیل

2. **حضرت موسیٰ علیہ السّلام کو کون سی مقدس کتاب عطا کی گئی؟**

جواب: تورات مقدس

3. اللہ تعالیٰ نے حضرت داؤد علیہ السّلام کو کون سا فن عطا کیا تھا؟

جواب: اللہ تعالیٰ نے حضرت داؤد علیہ السّلام کو زرہیں بنانے کا فن بخشا تا کہ وہ دشمن کے مقابلے میں محفوظ رہ سکیں

4. حضرت داؤد علیہ السّلام پر کون سی کتاب نازل ہوئی تھی؟

جواب: زبور مقدس

5. حضرت عیسیٰ علیہ السّلام کی والدہ کا کیا نام تھا؟

جواب: حضرت مریم علیہا السّلام

6. حضرت عیسیٰ علیہ السّلام کو کون سی کتاب عطا کی گئی تھی؟

جواب: انجیل مقدس

7. حضرت عیسیٰ علیہ السّلام کو عطا کردہ کوئی سے دو معجزے بیان کریں۔

جواب: آپ علیہ السّلام کی درخواست پر اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے آسمان سے دستر خوان نازل فرمایا۔ آپ علیہ السّلام مُردوں کو اللہ تعالیٰ کے حکم سے زندہ کر دیتے تھے۔

ب: درست بیان پر ( ✔ ) کا نشان لگائیں۔

1. حضرت موسیٰ علیہ السّلام کی ولادت ہوئی۔

اُردن | عرب | مصر ✔ | ایران

2. حضرت موسیٰ علیہ السّلام کے دور میں حکومت تھی۔

نمرُود | فرعون ✔ | قیصر | ہرقل

3. حضرت داؤد علیہ السّلام کی قوم برائی میں مبتلا تھی۔

وعدہ خلافی | غیبت | ناپ تول میں کمی | جھوٹی گواہی ✔

4. اللہ تعالیٰ نے حضرت مریم علیہا السّلام کو عطا کئے۔

بے موسم پھل ✔ | موسم والے پھول | مال | جواہرات

5. حضرت عیسیٰ علیہ السّلام نے عمر میں نبوت کا اعلان کیا۔

بیس سال | تیس سال | چالیس سال | ماں کی گود میں ✔

ج: مختلف انبیائے کرام علیہم السّلام کے نام مبارک تلاش کریں، اُن میں رنگ بھریں اور نیچے دی گئی جگہ میں لکھیں۔

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آ | ل | م | ح | م | م | د | ا |
| د | ا | ء | و | د | ھ | ق | س |
| م | ل | ڑ | ص | س | ن | ا | م |
| ک | ع | ض | م | و | س | ی | ا |
| ے | ی | خ | ض | ڈ | م | ش | ع |
| ٹ | س | | ن | و | ح | د | ی |
| ر | ی | ہ | پ | ز | ت | ف | ل |
| س | ا | ب | ر | ا | ہ | ی | م |

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۔ | حضرت آدم علیہ السّلام | ۲۔ | حضرت موسیٰ علیہ السّلام |
| ۳۔ | حضرت داوٗد علیہ السّلام | ۴۔ | حضرت ابراہیم علیہ السّلام |
| ۵۔ | حضرت اسماعیل علیہ السّلام | ۶۔ | حضرت نوح علیہ السّلام |
| ۷۔ | حضرت عیسیٰ علیہ السّلام | ۸۔ | حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَ اَصْحَابِہٖ وَسَلَّم |

Laurel Publishers